# Regional Urdu Text Bulletin, Chatrapati Sambhajinagar

Date: 21 July-2024

Time: 09:00-09:10 am

## آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: 21/جولائی ۲۰۲۴ء

وقت: ۹:۱۰-۹:۰۰

***** **** *****

:::::::سرخیاں:::::::

پیش ہے خاص خبروں کی سرخیاں:

☆ عالمی ثقافتی ورثہ کمیٹی کے 46/ویں اجلاس کا آج نئی دہلی میں وَزیر اعظم کے ہاتھوں افتتاح۔

☆ نیٹ یو جی امتحانات کی مراکز کے مطابق فہرست جاری۔ سوالیہ پرچے افشا ہونے کے معاملے میں مزید تین افراد حراست میں۔

☆ مراٹھا ریزرویشن تحریک کے رہنما منوج جرانگے پاٹل کی غیر معینہ مدت کی بھوک ہڑتال کا آغاز۔

اور۔۔۔☆ ودربھ کے بیشتر علاقوں میں میں موسلا دھار بارش کے باعث نظام زندگی مفلوج۔

***** **** *****

اب خبریں تفصیل سے:

عالمی ثقافتی ورثہ کمیٹی کے 46/ویں اجلاس کا آج سے نئی دہلی کے بھارت منڈپم میں آغاز ہو رہا ہے۔ وزیر اعظم نریندر مودی کے ہاتھوں اس اجلاس کا افتتاح ہوگا۔ ثقافت اور سیاحتی امور کے مرکزی وزیر راجندر سنگھ شیخاوت نے کہا ہے کہ بھارت کے منفرد ثقافتی اور فطری ورثے کو اس کنونشن کے ذریعے دنیا کے سامنے لایا جائیگا۔ بھارت کو 4 برسوں کے لئے عالمی ثقافتی ورثہ کمیٹی کا رکن منتخب کیا گیا ہے۔ غار ہائے اجنٹہ وایلورہ سمیت ملک بھر کے 42 ثقافتی مراکز کو عالمی ثقافتی ورثے کی فہرست میں شامل کیا گیا ہے۔

***** **** *****

قومی امتحانات کونسل NTA نے میڈیکل ڈگری نصاب میں داخلے کیلئے NEET-UG امتحانات کے نتائج کی مراکز وار فہرست اپنی ویب سائٹ پر جاری کر دی۔ عدالت عظمیٰ کی جانب سے NTA کو دیئے گئے احکامات کے مطابق یہ نتائج ظاہر کئے گئے ہیں۔

دریں اثناء نیٹ یو جی کے سوالیہ پرچے قبل از وقت افشا ہونے کے معامے میں سی بی آئی نے مزید تین افراد کو گرفتار کر لیا ہے۔ اس میں پرچے افشا کرنے والے گروہ مرکزی ملزم ششی کانت پاسوان سمیت راجستھان کے بھرت پور میڈیکل کالج کے کمار منگلم اور دیپیندر شرما نامی دو طالب علم بھی شامل ہیں۔

***** **** *****

پارلیمنٹ کا بجٹ اجلاس آئندہ روز پیر سے شروع ہورہا ہے۔اس سلسلے میں مرکزی حکومت نے آج کل جماعتی اجلاس طلب کیا۔ پارلیمنٹ کا یہ اجلاس 12 راگست تک جاری رہیگا۔اورآئندہ منگل یعنی 23 تاریخ کومرکزی مالی بجٹ پیش کیا جائیگا۔نریندرمودی کے تیسرے دورکا یہ پہلا عام بجٹ ہوگا۔

***** ***** *****

شیوسینا ادھوباڑا صاحب ٹھاکرے پارٹی کے سربراہ ادھوٹھاکرے نے الزام عائد کیا ہے کہ وزیراعظم نریندرمودی اوروزیرداخلہ امیت شاہ ممبئ کواڈانی سٹی بنانے کی سازش کررہے ہیں۔کل ممبئ میں ایک اخباری کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے دھاراوی بازآبادکاری منصوبے سے متعلق کہا کہ دھاراوی کے ساکنوں کوان کے حق کا گھر ملنا چاہئے۔اس ضمن میں جاری کردہ ٹینڈرمنسوخ کرکے ازسرنوشفاف طریقے سے ٹینڈرطلب کرنے کا انہوں نے مطالبہ کیا۔

***** ***** *****

کانگریس کے ریاستی صدرنانا پٹولے نے بھی دھاراوی کے مسئلے پرحکومت پر شدیدنکتہ چینی کی۔انہوں نے اس موضوع پرکانگریس پہلے ہی اپنا موقف پیش کرچکی ہے۔اورلوک سبھامیں قائدحزب اختلاف راہول گاندھی نے اس مسئلے پر موقف پیش کیا تھا۔انہوں نے الزام عائد کیا کہ بحرہ عرب میں چھترپتی شیواجی مہاراج کی مجوزہ یادگارتعمیر کرنے کی بجائے شیواجی مہاراج کے بتا کرنقلی واگھ نک لائے گئے ہیں۔

***** ***** *****

راشٹروادی کانگریس شردپوار چندرپوار پارٹی کے سربراہ شردپوار نے کہا ہے کہ مہاراشٹر کا اقتدارحاصل کرکے عوامی مسائل حل کرنا ہی ان کی پارٹی کا یک نکاتی ایجنڈہ ہےاوروہ ریاست کومستحکم حکومت فراہم کرنا چاہتے ہیں۔کل پونا میں اخبارنویسوں سے گفتگوکرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ پارٹی کا انتخابی نشانی توتاری بجاتا ہواشخص مستقبل میں بھی تمام انتخابات میں برقراررہیگا۔تاہم ریاستی انتخابی کمیشن کا یہ فیصلہ صرف ریاست کی حدتک ہی محدود ہے۔لوک سبھااوراسمبلی میں بھی یہ ہی فیصلہ لاگوہونا چاہئے۔

***** ***** *****

مراٹھاریزرویشن تحریک کے رہنما منوج جرانگے پاٹل نے گذشتہ روز سے جالنہ ضلع کے انتروالی سراٹی میں اپنی غیرمعینہ مدت کی بھوک ہڑتال دوبارہ شروع کردی ہے۔بھوک ہڑتال کے آغاز سے قبل انہوں نے نامہ نگاروں سے بات چیت کی۔ سگے سوئرے قانون پرعمل درآمد،مراٹھا ریزرویشن کارکنون پردرج مقدمات ختم کرنے اوردیگرمطالبات کا انہوں نے اعادہ کیا۔انہوں نے کہا کہ حکومت کی جانب سے مطالبات تسلیم نہ کئے جانے کے باعث دوبارہ بھوک ہڑتال کی نوبت آئی ہے۔حکومت کی لاڑکا بھاؤ،لاڑکی بہن اسکیموں پربھی انہوں نے سخت تنقیدکی۔
فی الحال کھیتوں میں کاشت سے متعلق کاموں کا وقت ہے۔اس لئے انہوں نے اپنے حامیوں کوتلقین کی کہ کوئی بھی انتروالی نہ آئے۔ حکومت کی جانب سے امتحانی فیس اورتعلیمی فیس معاف کرکےلڑکیوں کومفت تعلیم دینے کے فیصلے کا جرانگے پاٹل نے خیرمقدم کیا۔

***** ***** *****

یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر سے نشرکی جارہی ہیں۔

***** ***** *****

گرو پورنیما آج ملک بھر میں منائی جارہی ہے۔ روحانی اورفنی میدانوں میں استادوشاگردکی روایت کی زیل میں اس دن کی بہت زیادہ اہمیت ہے۔شرڈی میں سائی باباسنستھان کی جانب سے گرو پورنیما فیسٹیول کل سے آغاز ہوا۔سائی مندرکوکل رات بھردرشن کے لئے کھلا کھا گیا۔

**** **** *****

ودربھ کے متعدداضلاع میں موسلا دھابارش کے باعث نظان زندگی درہم برہم ہوگیاہے۔ چندر پورضلع میں مسلسل دودنوں سے موسلا دھار بارش جاری ہے۔جس سے ضلع کی کئی ندیاں اورنالے پوری طرح لبریز ہوکر بہہ رہے ہیں۔کئی سڑکیں ٹریفک کے لئے بند ہیں۔ ناگ بھیڑ تعلقے بوکھلی میں دوافرادسیلابی ریلے میں بہہ گئے ۔جس میں سے ایک کی لاش برآمدکرلی گئی ہےاوردوسرے کی تلاش جاری ہے۔

**** **** *****

گڈچرولی ضلع میں زوردار بارش کے باعث کئی ندی نالوں میں طغیانی آئی ہوئی ہے۔27 سڑکیں ٹریفک کے لئے بندکردی گئی ہیں۔ گذشتہ چوبیس گھنٹوں میں دیسائی گنج تعلقے میں سب سے زیادہ137 ملی میٹر بارش ریکارڈ کی گئی۔ ہمارے نمائندے نے بتایا ہے کہ گڑچرولی تعلقے میں پوٹے گاؤں سے قریب کمبھی نالے پر پھنسے ہوئے چندکسانوں کوڈیزائسٹر مینجمنٹ کی ٹیم نے آبی کشتی کی مدد سے بچالیا۔

**** **** *****

بھنڈارہ ضلع میں کل صبح 23 محصول منڈلوں میں نہایت زوردار بارش ریکارڈ کی گئی۔ضلع کلکٹر یوگیش کومجھیکر نے بھنڈارہ ، پونی اور لاکھانڈورعلاقوں کا دورہ کیا۔ چندایک مقامات سے انتظامیہ نے شہریوں کومحفوظ مقامات پر منتقل کردیا۔

اسی دوران گوسےکھورد پروجیکٹ کے 33 میں سے 27 دروازے کھول دیئے گئے ہیں۔تین ہزار 33 مکعب میٹرفی سیکنڈکی رفتار سے پانی کااخراج جاری ہے۔ندی کے اطراف رہنے والے افرادکوخبرداری کا اشارہ دے دیا گیاہے۔

**** **** *****

ممبئی میں بھی زوردار بارش کے باعث کاروباری زندگی مفلوج ہوگیاہے۔زیریں علاقوں میں پانی بھرجانے سے ٹریفک شدیدمتاثرہوئی۔ اندھیری انڈرپاس پانی بھرجانے کی وجہہ سے بندہے۔آج ممبئی میں یلوالرٹ جاری کیا گیاہے۔اورآئندہ12 گھنٹوں میں زوردار بارش کے خدشے کااظہارکیا گیاہے۔

ودربھ اوروسطی مہاراشٹر میں آئندہ4دنوں میں موسلا دھار بارش کے امکان کااظہارکیا گیاہے۔ اسی دوران مراٹھواڑہ میں 21 تا23 جولائی کے دوران ہلکی تادرمیانی برسات کی پیشگوئی ممبئی کے محکمہ موسمیات نے دی ہے۔

**** **** *****

سری لنکا میں جاری خواتین کے ایشیاءکپ ٹی ٹوئنٹی کرکٹ ٹورنامنٹ میں آج بھارت کامقابلہ متحدہ عرب امارات سے ہوگا۔دوپہر 2 بجے اس میچ کا آغاز ہوگا۔

**** **** *****

چھترپتی سمبھاجی نگر ضلع میں اجنٹہ پولس نے ایک شخص کو گرفتار کر کے اس کے قبضے سے غیر قانونی پستول اور 10 زندہ کارتوس ضبط کر لئے۔ میور بھر یکر نامی یہ شخص پونا کا ساکن ہے۔کل خانگی گاڑی کے ذریعے چھترپتی سمبھاجی نگر آتے وقت جلگاؤں سے قریب اسے گرفتار کر لیا گیا۔اسی دوران چھترپتی سمبھا نگر میں پرسوں ایک شخص کو فائرنگ کر کے ہلاک کرنے کے واقعے میں پولس نے کل 4 افراد کو گرفتار کر لیا۔

***** ***** *****

ناندیڑ ضلع میں بچوں کو مفت اور لازمی تعلیم حق سے متعلق آرڈیننز کے تحت مفت داخلوں کا پیر سے آغاز ہو رہا ہے۔ضلع میں 261 انگریزی اسکولوں میں 2661 طلباء کو مفت داخلہ دیا جائیگا۔اس کیلیئے 35 ہزار درخواستیں موصول ہوئی ہیں۔

***** ***** *****

لاتور شہر میں مشتبہ ڈینگو سے متاثرہ افراد کی تعداد میں گذشتہ ماہ سے اضافہ ہوا ہے۔اس کے پیش نظر میونسپل انتظامیہ کی جانب سے عوام کو اپنے مکانات، ہوسٹلس ،اسکول اور دیگر مقامات کو صاف رکھنے اور مچھروں کو بڑھنے سے روکنے کے اقدامات کی تلقین کی گئی ہے۔

***** ***** *****

:::::سرخیاں::::::

آخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر:

☆ عالمی ثقافتی ورثہ کمیٹی کے 46/ویں اجلاس کا آج نئی دہلی میں وَزیر اعظم کے ہاتھوں افتتاح۔

☆ نیٹ یو جی امتحانات کی مراکز کے مطابق فہرست جاری۔سوالیہ پرچے افشا ہونے کے معاملے میں مزید تین افراد حراست میں۔

☆ مراٹھا ریزرویشن تحریک کے رہنما منوج جرانگے پاٹل کی غیر معینہ مدت کی بھوک ہڑتال کا آغاز۔

اور۔۔۔☆ ودربھ کے بیشتر علاقوں میں میں موسلا دھار بارش کے باعث نظام زندگی مفلوج۔

***** ***** *****

اس کے ساتھ ہی علاقائی خبریں ختم ہوئیں۔

***** ***** *****